Public Health England

Protecting and improving the nation's health

# Monitoring surgical wounds for infection

## Information for patients

This leaflet explains surgical wound infection and the national programme for monitoring infections acquired in hospitals

# انفیکشن کے لیئے جراحی کے زخموں پر نظر رکھنا

## مریضوں کے لیئے معلومات

یہ پرچہ جراحی کے زخموں کی انفیکشن (وبائی جراثیم ) اورہسپتالوں میں حاصل کی گئی انفیکشن کی نگرانی کے قومی پروگرام کی وضاحت کرتا ہے۔







# 1 What are surgical wound infections?

Most surgical wounds heal up rapidly without complications.  A minority of surgical wounds are complicated by infection. This occurs when germs (micro-organisms such as bacteria) enter the incision (cut) that the surgeon makes through your skin in order to carry out the operation.

Many germs live in and on our bodies and also in our environment.  Most are harmless or even useful.  Our bodies have natural defences against the few germs that can cause harm. Our skin normally prevents germs from entering our bodies, but any break in the skin (whether due to injury or surgical incision) can allow them to enter and cause an infection.

# 1 جراحی سے لگنے والے زخم کی انفیکشن کیا ہیں؟

جراحی کے نتیجے میں پیدا ہونے والے زیادہ تر زخم کسی پیچیدگیوں کے بغیر بہت جلد  ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ جراحی سے پیدا ہونے والے زخموں کی ایک قلیل تعداد میں انفیکشن کی وجہ سے پیچیدگی پیدا ہوجاتی ہے۔ یہ تب واقع ہوتا ہے جب جراثیم ( باریک جراثیمی مادے، جیسا کہ بیکٹیریا) اُس زخم (کٹاؤ) میں داخل ہو جاتے ہیں، جو جراح (سرجن) آپریشن سرانجام دینے کے لئے آپ کی جلد میں لگاتا ہے۔

بہت سے جراثیم ہمارے اجسام کے اندر اور باہر اور ہمارے ماحول میں بھی پائے جاتے ہیں۔ زیادہ تر بےضرر بلکہ مُفید بھی ہوتے ہیں۔ ہمارے اجسام میں کُچھ ایسے جراثیموں کے خلاف مدافعت کا قُدرتی نظام موجود ہے جو ہمیں نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ ہماری جلد عام طور پر جراثیموں کو ہمارے اجسام میں داخل ہونے سے بچاتی ہے، لیکن جلد میں کوئی توڑپھوڑ (چاہے یہ کسی زخم کی وجہ سے ہو یا جراحی کےکٹاؤ کی وجہ سے) اُن کے داخل ہونے اور انفیکشن کا باعث بننے کی وجہ بن سکتی ہے۔

# 2 When do these infections develop?

A surgical wound infection can develop at any time from two to three days after surgery until the wound has healed (usually two to three weeks after the operation).  Very occasionally, an infection can occur several months after an operation.

Surgical wound infections are uncommon (see table).  Most surgical wound infections are limited to the skin, but can occasionally spread to deeper tissues.  Infections are more likely to occur after surgery on parts of the body that harbour lots of germs, such as the gut.

### Rates of surgical infection in different types of operations

| Type of operation | Average number of infected wounds in every 100 operations* |
|---|---|
| Knee joint replacement | <1 |
| Hip joint replacement | <1 |
| Abdominal hysterectomy | 1 |
| Vascular surgery | 3 |
| Coronary artery bypass graft | 5 |
| Large bowel (gut) surgery | 10 |

*infected wounds detected while patients are in hospital or at readmission following the operation
Data source: PHE.  Healthcare-Associated Infections and Antimicrobial Resistance: 2013/14.

## 2 یہ انفیکشن کب واقع ہوتی ہیں؟

جراحی سے پیدا ہونے والے زخم کی انفیکشن آپریشن کے بعد دو سے تین دن سے لے کر زخم کے ٹھیک ہونے تک (عام طور پر آپریشن کے بعد دو سے تین ہفتے) کسی بھی وقت ہو سکتی ہے۔ بہت ہی کم مواقع پر، انفیکشن آپریشن کے کئی ماہ بعد بھی ظاہر ہو سکتی ہے۔

جراحی کے نتیجے میں لگنے والے زخم میں انفیکشن عام طور پر نہیں ہوتی ہیں (ٹیبل دیکھیں)۔ جراحی کے زخم کی زیادہ ترانفیکشن جلد تک محدود ہوتی ہیں، لیکن بعض اوقات وہ گہرائی میں موجود ریشوں تک پہنچ سکتی ہیں۔ جراحی کے بعد انفیکشن کے واقع ہونے کا امکان زیادہ تر جسم کے ایسے حصوں پر ہوتا ہے جو جراثیموں کی بہت بڑی تعداد کو پناہ دیتے ہیں، جیسا کہ آنت۔

**مختلف اقسام کے آپریشنز میں جراحی سے پیدا ہونے والی انفیکشن کی شرح**

| **قسم آپریشن** | **ہر100 آپریشنوں* میں جراثیموں سے متاثرہ زخموں کی اوسط تعداد** |
|---|---|
| گھٹنے کے جوڑ کی تبدیلی | <1 |
| کولہے کے جوڑ کی تبدیلی | <1 |
| معدے کی رحم براری | 1 |
| نالیوں کے نظام سے متعلق جراحی | 3 |
| دل کے ارگرد شریان کا بائی پاس گرافٹ | 5 |
| بڑی آنت (معا) کا آپریشن | 10 |

جراثیم سے متاثرہ زخم جن کا مریضوں کے ہسپتال میں ہونے کے دوران یا آپریشن کے بعد دوبارہ داخل ہونے پر پتہ چلے ۔
معلومات کا ذریعہ: PHE ایچ پی اے۔ ہیلتھ کیئر۔ ایسوسی ایٹڈ انفیکشن اینڈ انٹی مائیکروبئیل ریزسٹنس: 2013/14

## 3 How will my wound be monitored?

During your stay in hospital, the nurse who changes your wound dressings will check for any signs of infection. If you are concerned about your wound, tell the nurse who is looking after you.

Don't be tempted to remove your dressing, or touch your wound or wound drain. You could accidentally transfer germs from your fingers to your wound.

Infection can develop after you leave hospital.  Some redness and swelling are to be expected after surgery, however you may have an infection if you develop one or more of the following symptoms:

• the skin around your wound gets red or sore and you do not think that it is part of the normal wound healing process, or it feels hot and swollen

• your wound has a green or yellow coloured discharge (pus)

• you feel generally unwell or feverish, or you have a temperature

If you have a problem with your wound, contact your general practitioner (GP) unless you have been told to contact the hospital.

About one month after your operation the hospital may send you a questionnaire or telephone you to ask if you have problems with your wound.  Many patients leave hospital shortly after their operation and hospital staff need to find out about wound infections that occur after patients leave hospital, not just those that develop while patients are in hospital.

## 3 میرےزخم پر کیسے نظر رکھی جائے گی؟

ہسپتال میں آپ کے قیام کے دوران، آپ کے زخم کی پٹی تبدیل کرنے والا نرسنگ کا عملہ انفیکشن کی کسی علامات کےلئےزخم کا معائنہ کرے گا۔ اگر آپ کو اپنے زخم کے حوالے سے تشویش ہو، تواُس نرس کو بتائیں جو آپ کی دیکھ بھال کر رہے ہیں۔

اپنے زخم کی پٹی اُتارنے، زخم کو چھُونے یا اُس میں سے پیپ نکالنے سے گریز کیجئے۔ آپ غیر ارادی طور پر اپنی انگلیوں سے جراثیم اپنے زخم تک منتقل کر سکتے ہیں۔

انفیکشن آپ کے ہسپتال سے فارغ ہونے کے بعد ہو سکتی ہے۔ سرجری کے بعد کچھ سُرخی اور سوجن کی توقع ہوتی ہے، تاہم، اگرآپ میں ذیل میں سے ایک یا ایک سے زیادہ علامات ظاہر ہوں، تو ہو سکتا ہے آپ کو انفیکشن ہو:

- آپ کے زخم کے اردگرد کی جلد سُرخ ہو گئی ہو یا دُکھتی ہو اور آپ نہیں سمجھتے ہوں کہ یہ زخم کےمعمول کےمطابق ٹھیک ہونے کے عمل کا حصہ ہے، یا اگر آپ کو وہ حصہ گرم اور سُوجا ہوا محسوس ہوتا ہے
- آپ کو زخم میں سبز یا پیلے رنگ کا مواد (پیپ) نکلتا دکھائی دیتا ہو
- آپ خود کو ٹھیک محسوس نہ کریں یا آپ کو بُخارہو، یا اگر آپ کا درجہ حرارت زیادہ ہو

اگر آپ کو اپنے زخم کے حوالے سے کوئی مُشکل لاحق ہے، تو اپنےڈاکٹر(جی پی) سے رابطہ کریں، ماسوائے جب آپ کو ہسپتال سے رابطہ کرنے کے لئے کہا گیا ہو۔

آپ کے آپریشن کے تقریباً ایک ماہ بعد ہسپتال آپ کو یہ پوچھنے کے لئے ایک سوالنامہ بھیج سکتا ہے یا آپ کوٹیلی فون کرسکتا ہےکہ کیا آپ کو اپنے زخم کے حوالے سے کوئی مشکلات تو درپیش نہیں ہیں۔ بہت سے مریض آپریشن کے بعد جلد ہی ہسپتال سے چلے جاتے ہیں اور ہسپتال کے عملے کو زخموں کی اُن انفیکشن کے بارے میں جاننےکی ضرورت ہوتی ہے جو مریضوں کے ہسپتال سے چلے جانے کے بعد واقع ہوتی ہیں، نہ کہ صرف اُن کے بارے میں جو مریض کے ہسپتال میں موجود ہوتے ہوئے ہوتی ہیں۔

## 4 What happens if I develop symptoms?

If the nurse, midwife or doctor suspects that you have a surgical wound infection, they may take a sample from the surface of your wound with a swab and send it to the laboratory for tests.  Your nurse or doctor may prescribe treatment with antibiotics.

## 4 اگر میرے اندر یہ علامات پائی جاتی ہیں تو کیا ہوگا ؟

اگرنرس، دایہ (مڈوائف) یا ڈاکٹر کو شک ہو کہ آپ کو جراحی کے نتیجے میں لگنے والے زخم کی انفیکشن لاحق ہے، تو وہ روئی کے ایک گالے(سواب) کے ذریعے آپ کے زخم کی سطح سے ایک نمونہ لے کر اُسے معائنے کے لئے لیبارٹری میں بجھوا سکتے ہیں۔ اُس کے بعد آپ کے نرس یا ڈاکٹر اینٹی بائیاٹکس یعنی جراثیم کُش ادویات کے ذریعے علاج تجویز کر سکتے ہیں۔

# 5 What information do you pass on?

The hospital passes information about your operation to Public Health England (PHE) which is co-ordinating the national programme for monitoring surgical site infection. The information is related to the risk of developing surgical wound infection. The risk depends on many factors, and includes the following:

- Your age and sex
- Your general medical condition before the operation
- Type of operation
- How long the operation lasted

PHE treats all patient information as strictly confidential. No data which could be used to identify individuals are published.

# 5 آپ کونسی معلومات دوسروں تک منتقل کرتے ہیں؟

ہسپتال آپ کے آپریشن سے متعلق معلومات پبلک ہیلتھ انگلینڈ (پی ایچ ای) کو منتقل کرتا ہے، جو جراحی کی مقامات میں انفیکشن کی نگرانی کے قومی پروگرام کو ترتیب دے رہا ہے۔ یہ معلومات جراحی کے زخم میں انفیکشن ہونے کے خطرے سے متعلق ہوتی ہیں۔ خطرے کا انحصار متعدد عناصر پر ہوتا ہے، جن میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- آپ کی عُمر اور جنس
- آپریشن سے پیشتر آپ کی عام طبی حالت
- آپریشن کی قسم
- آپریشن کتنی دیر جاری رہا

پی ایچ ای مریضوں سے متعلقہ تمام معلومات کو سختی کے ساتھ راز میں رکھتا ہے۔ کوئی بھی ایسی معلومات (ڈیٹا) شائع نہیں کی جاتیں، جن سے افراد کی شناخت ظاہر ہو۔

# 6 What happens to the information?

Public Health England collects information from over 300 NHS and private hospitals in England that are taking part in the national programme. The information is used to calculate rates of surgical wound infection for different types of operations. Hospitals can then compare their rates to national rates and decide where they may need to make improvements to ensure their patients are given the highest possible standard of care.

# 6 ان معلومات کا کیا ہوتا ہے؟

پبلک ہیلتھ انگلینڈ، انگلینڈ میں واقع اُن 300 این ایچ ایس اور پرائیویٹ ہسپتالوں سے معلومات اکٹھی کرتا ہے جو اس قومی پروگرام میں حصہ لے رہے ہیں۔ یہ معلومات مختلف اقسام کے آپریشنز میں جراحی سے پیدا ہونے والے زخموں کی انفیکشن کی شرح کا اندازہ لگاتا ہے۔ اُس کے بعد ہسپتال اپنی شرح کا موازنہ قومی شرح کے ساتھ کر سکتے ہیں اور یہ فیصلہ کر سکتے ہیں کہ اس امر کو یقینی بنانے کے لئے کہ اُن کے مریضوں کو دیکھ بھال کا ممکنہ حد تک اعلیٰ' ترین معیار مہیا کیا جا سکے، کیا کُچھ بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔

# 7 Where can I get further information?

Public Health England is an organisation that is dedicated to protecting people's health. It provides impartial and authoritative information on health protection issues to the public, to professionals and to government.

Further information regarding surgical site infection, including the latest report on surgical site infections is available via the Public Health England website:

www.gov.uk/government/collections/surgical-site-infection-ssi-guidance-data-and-analysis

You can find out more about surgical wound infections in the Guideline on the Prevention and Treatment of Surgical Site Infection published by the National Institute for Health and Clinical Excellence. This can be found online at www.nice.org.uk

The NHS choices website www.nhs.uk has information about your local hospital.

Produced by Public Health England's Healthcare Associated Infections and Antimicrobial Resistance Department for patients whose surgery is being monitored under PHE's SSI surveillance scheme.

# 7 میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کر سکتا ہوں؟

پبلک ہیلتھ انگلینڈ ایک ایسی تنظیم ہے جو لوگوں کی صحت کو محفوظ بنانے کے لئے وقف ہے۔ یہ عوام، پیشہ ور افراد اور حکومت کو صحت کی حفاظت سے متعلق معاملات کے بارے میں غیر جانبدارانہ اور مُستند معلومات مہیا کرتی ہے۔

جراحی کے مقامات میں انفیکشن کے بارے میں مزید معلومات، بشمول جراحی کے مقامات میں انفیکشن کےبارے میں تازہ ترین رپورٹ کے، پبلک ہیلتھ انگلینڈ کی درج ذیل پتہ پر موجود ویب سائیٹ پر دستیاب ہیں،

www.gov.uk/government/collections/surgical-site-infection-ssi-guidance-data-and-analysis

آپ جراحی کے نتیجے میں ہونے والے زخموں کے بارے میں مزید معلومات گائیڈ لائنز آن دی پریوینشن اینڈ ٹریٹمنٹ آف سرجیکل سائٹ انفیکشن سے حاصل کر سکتے ہیں، جو نیشنل انسٹی ٹیوٹ فارہیلتھ اینڈ کلینیکل ایکسی لینس کی طرف سےشائع کیا گیا ہے۔ یہ www.nice.org.uk پر دیکھی جا سکتی ہے۔

آپ کے مقامی ہسپتال کے بارے میں معلومات این ایچ ایس چوائسز کی ویب سائٹ www.nhs.uk پر موجود ہیں۔

پبلک ہیلتھ انگلینڈ کے ہیلتھ کیئرایسوسی ایٹڈ انفیکشن اینڈ اینٹی مائیکروبئیل ریزسٹنس ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے ایسے مریضوں کے لئے تیار کیا گیا، جن کی جراحی پر پی ایچ ای کی ایس ایس آئی نگران سکیم کے تحت نظر رکھی جا رہی ہے۔

If you have any further questions, please contact:

اگرآپ مزید کوئی سوالات پوچھنا چاہتےہیں، تو برائے مہربانی درج ذیل سے رابطہ کریں:

This leaflet is also available in Polish
This leaflet is also available in Punjabi
This leaflet is also available in Urdu
This leaflet is also available in Bengali
This leaflet is also available in Gujarati
This leaflet is also available in Arabic
This leaflet is also available in Chinese (Simplified)
This leaflet is also available in Chinese (Traditional)

یہ پرچہ پولش میں بھی دستیاب ہے
یہ پرچہ پنجابی میں بھی دستیاب ہے
یہ پرچہ اُردو میں بھی دستیاب ہے
یہ پرچہ بنگالی میں بھی دستیاب ہے
یہ پرچہ گُجراتی میں بھی دستیاب ہے
یہ پرچہ عربی میں بھی دستیاب ہے
یہ پرچہ چینی زُبان (سمپلیفائیڈ) میں بھی دستیاب ہے
یہ پرچہ چینی زُبان (ٹریڈشنل) میں بھی دستیاب ہے

This document is available in other formats on request. Please call: 020 8327 7018 or email: publications@phe.gov.uk

یہ دستاویز درخواست کرنے پر دیگر صورتوں میں دستیاب ہے۔ برائےمہربانی 020 8327 7018 پر فون کریں یا publications@phe.gov.uk پر ای میل کریں۔

You may re-use this information (excluding logos) free of charge in any format or medium, under the terms of the Open Government Licence v2.0. To view this licence, visit OGL or email psi@nationalarchives.gsi.gov.uk.

Where we have identified any third party copyright information you will need to obtain permission from the copyright holders concerned.

Any enquiries regarding this publication should be sent to us at ssi.data@phe.gov.uk You can download this publication from www.gov.uk/phe

آپ ان معلومات (ماسوائے تصاویر و نشانات کے) کو Open Government Licence v2.0. کی شرائط وضوابط کے تحت کسی بھی شکل میں یا کسی بھی اور ذریعے سے دوبارہ مُفت استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ لائسنس دیکھنے کے لئے OGL ملاحظہ کریں یا psi@nationalarchives.gsi.gov.uk پرای میل کریں۔

جہاں ہم نے کسی تیسرے فریق کی کاپی رائٹ معلومات کا حوالہ دیا ہے، آپ کوکاپی رائٹ رکھنے والے متعلقہ فریق سے اجازت حاصل کرنے کی ضرورت ہو گی۔

اس اشاعت سے متعلق کوئی بھی سوالات ssi.data@phe.gov.uk پر بھیجے جانے چاہییں۔ آپ یہ اشاعت www.gov.uk/phe سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

Public Health England
Wellington House
133-155 Waterloo Road
London SE1 8UG

www.gov.uk/phe
@PHE_uk
Twitter: @PHE_uk

PHE publications gateway number: 2013010
April 2015
© Crown Copyright 2015